سوال

کتب احادیث

جواب

سوال مشکواہ شریف کیا ھے کیا یہ کسی امام کی جمع کردہ احادیث کا مجموعہ ھے ؟ جواب 'مشکوۃ المصابیح' مختلف کتب احادیث سے منتخب احادیث کے مجموعے کا نام ہے۔ دراصل امام بغوی رحمہ اللہ نے 'مصابیح السنۃ' کے نام سے حدیث کی مشہور کتابوں صحاح ستہ، موطا امام مالک، مسند امام احمد، مسند امام شافعی، سنن بیہقی، سنن دارمی اور دیگر کتب احادیث سے منتخب کیا تھا۔ اس کے بعد خطیب تبریزی رحمہ اللہ نے اس کتاب کی تکمیل کرتے ہوئے اس میں کچھ اضافہ کیا۔ مثلاً یہ حدیث فلاں صحابی سے مروی ہے، ہر باب میں تیسری فصل کا اضافہ کیا اور اصل کتاب کا حوالہ دیا۔ اور اس کتاب کا نام 'مشکوۃ المصابیح' رکھا۔ جزاکم اللہ خیرا